© rasailojaraid.com


# مطبُوعات

اُردو ادب اور اسلام حصہ اوّل | تالیف: جناب پروفیسر ہارون الرشید۔ شائع کردہ اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ ۱۲-۱-ای شاہ عالم مارکیٹ - لاہور۔ صفحات ۴۷۵۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن ۵۰-۷ روپے۔ سستا ایڈیشن ۵/۰ روپے۔

اسلام اگر ایک جامع تصوّرِ حیات اور ہمہ گیر نظامِ زندگی ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ وہ ادب اور آرٹ کے بارے میں بھی اپنا ایک خاص معیار اور مخصوص نقطۂ نظر نہ رکھتا ہو۔ چنانچہ قرآن مجید اور احادیثِ نبوی میں اس سلسلے میں واضح ارشادات ملتے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں پروفیسر ہارون الرشید نے بڑی دِقّتِ نظر سے اسلام کی روشنی میں اُردو ادب (نظم) کا جائزہ لیا ہے۔ شاعری کی مختلف اصناف یعنی غزل، قصیدہ، ہجو، مثنوی، مرثیہ پر اظہارِ خیال کرنے سے پیشتر فاضل مُصنّف نے اسلام کے نظریۂ ادب پر سیر حاصل بحث کی ہے۔ آغاز میں پروفیسر فروغ احمد نے اسلامی ادب کے موضوع پر ایک نہایت بصیرت افروز مقدمہ تحریر فرمایا ہے۔

معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

---

الفہرست | تالیف: محمد بن اسحاق ابن ندیم وراق - اردو ترجمہ: مولانا محمد اسحاق بھٹی۔ شائع کردہ: ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ، لاہور۔ صفحات ۴۳۲۔ قیمت بیس روپے۔

زیرِ تبصرہ کتاب درحقیقت وہ پہلی انسائیکلوپیڈیا ہے جو کسی مسلمان نے مرتب کی ہے۔ اس میں چوتھی صدی ہجری تک کے علوم و فنون، سِیَر و رجال اور کتب و مصنّفین کے بارے میں مستند معلومات درج ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں یہود و نصاریٰ کی کتب، قرآن مجید، نزولِ قرآن، جمع قرآن، حدیث اور فقہ، اسلام میں مختلف مکاتبِ فکر، صرف و نحو، منطق و فلسفہ، ریاضی، سحر و شعبدہ بازی، طب اور صنعت کیمیا، اس


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عہد کے مختلف مذاہب اور زبانوں کے متعلق نہایت اچھی معلومات ملتی ہیں۔ کتاب جن متنوع موضوعات سے بحث کرتی ہے انہیں دیکھ کر انسان ششدر رہ جاتا ہے کہ ایک فرد نے معلومات کا اتنا بڑا ذخیرہ کس طرح جمع کر دیا۔

اس کتاب کے مطالعے سے چوتھی صدی ہجری کے اواخر تک کی علمی، معاشرتی اور تہذیبی زندگی کا ایک جامع نقشہ سامنے آجاتا ہے۔ پھر یہ اسی کتاب کا دنیائے اسلام پر احسان ہے کہ اس کے ذریعے بہت سی ایسی کتابوں کا پتہ چلتا ہے جو فتنۂ تاتار کی وجہ سے بالکل ناپید ہیں۔ صرف ان کے نام باقی رہ گئے ہیں۔ مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب نے اسے بڑے سلیقے کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالا ہے۔ مولانا محمد حنیف ندوی صاحب نے اس پر نظر ثانی کی ہے۔ اس کتاب کا اردو ترجمہ ہمارے علمی ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہے۔

---

**ستیارہ۔ عبدالعزیز خالد نمبر** مدیر مسئول: جناب فضل من اللہ صاحب۔ مقامِ اشاعت: ۶۔ بی ذیلدار پارک۔ اچھرہ۔ لاہور۔ قیمت دس روپے۔

معروف ماہنامہ ستیارہ کا یہ خاص نمبر پاک و ہند کے مشہور شاعر عبدالعزیز خالد کی تخلیقات کے جائزے پر مشتمل ہے۔ اس میں عبدالعزیز خالد کی شاعرانہ عظمت کا اعتراف بھی ہے اور مختلف زاویوں سے اُن کی شاعری کا محاکمہ بھی۔ فاضل مدیر نے اس بزم میں جس طرح ملک کے نامور ادیبوں اور فنکاروں کو جمع کیا ہے اور پھر اُن کے خیالات کو جس قرینے کے ساتھ اس علمی گلدستہ میں سجایا ہے اُس سے اُن کی عرق ریزی، علمی ذوق اور خالد صاحب سے گہری عقیدت و محبت کا پتہ چلتا ہے۔

عبدالعزیز کے فن پر بحث کے ساتھ ساتھ اُن کی ذاتی زندگی کی جھلکیاں بھی بڑی دلچسپ ہیں۔

معیارِ طباعت و کتابت اچھا ہے۔

---

**اسلام کا نظریہ ملکیت۔ حصہ دوم** تالیف: ڈاکٹر محمد نجات اللہ صاحب صدیقی۔ شائع کردہ: اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ، لاہور۔ قیمت اعلیٰ ۲۵ء ۷، سستا ایڈیشن ۵۰ء ۴۔

اس قابلِ قدر کتاب کے پہلے حصہ پر ترجمان القرآن میں تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ یہ اس کا دوسرا حصہ ہے۔

© rasailojaraid.com